مولانا عبدالقیوم حقانی



تعارف وتبصرۂ کتب

درر الاصداف فی تفسیر سورۃ الاعراف | مؤلف: حضرت مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی مدظلہ

صفحات ۲۵۶۔ قیمت ۶۰ روپے۔ ناشر، قاضی محمد ابراہیم الحسینی الحقانی، دارالارشاد، مدنی روڈ اٹک شہر

حضرت العلامہ مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی، شیخ التفسیر حضرت مولانا احمد علی لاہوریؒ کے خلیفہ اجل اور شیخ العرب والعجم مولانا سید حسین احمد مدنیؒ کے تلمیذ خاص ہیں۔ اکابر علماء دیوبند کے مسلک اعتدال کے ترجمان اور دینی خدمات اور تصنیفی اور علمی اعتبار سے معروف سکالر اور بیسیوں کتابوں کے مصنف ہیں۔ موصوف کے سلسلہ ہائے تصنیف میں سب سے زیادہ دلچسپ اور نافع الخلائق قرآن حکیم کی مختصر مگر جامع اور آسان تفسیر ہے۔ حضرت شیخ الہندؒ نے مالٹا کی تنہائیوں میں اتحاد امت اور غلبہ دین کے لئے درس قرآن کا جو نسخہ امت کے لئے تجویز کیا تھا آسان تفسیر گویا ان کی خواہش کی تکمیل اور قرآنی ہدایت کی آسان تبلیغ و تذکیر ہے۔ پیش نظر جلد میں مکمل سورۂ اعراف کی تفسیر ہے جس کا کچھ حصہ مسجد نبویؐ میں صفۂ مبارکہ اور کچھ حصہ "روضۃ من ریاض الجنۃ" میں لکھا گیا اور کچھ حصہ حرم کعبہ میں میزاب رحمت کے سایۂ رحمت میں بیٹھ کر لکھا گیا۔ لفظی ترجمہ میں شاہ عبدالقادرؒ اور شاہ رفیع الدینؒ کے ترجمہ اور ربط و مناسبت میں شیخ التفسیر مولانا احمد علی لاہوریؒ کے حواشی سے بھرپور استفادہ کیا گیا ہے۔ فوائد میں تفسیر القرآن بالقرآن کو خصوصیت سے ترجیح دی گئی ہے۔ بعض علمی اور لغوی فوائد کو آسان اور دل نشین پیرائے میں بیان کیا گیا ہے۔ سورۃ کے شروع میں اس کی خصوصیات بھی بیان کی گئی ہیں۔ اس تفسیر کی روح قرآن کے تذکیری پہلو اور ناصحانہ اور ہدایت کے مضامین کی مؤثر ترجمانی ہے۔ کتابت وطباعت عمدہ اور ہدیہ بہت معقول ہے۔

شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ (حیات وسیرت) | تصنیف۔ ڈاکٹر ابو سلمان شاہجہان پوری۔ ناشر ادارہ تصنیف وتحقیق پاکستان کراچی ۷۵۸۰۰۔ صفحات ۱۱۶۔ قیمت ۳۰ روپے۔